شب قدر

شب قدر ایسی عظیم رات ہے کہ عام راتیں اس کی فضیلت کو نہیں پہنچ سکتیں کیونکہ اس رات کا عمل ہزارمہینوں کے عمل سے بہتر ہے۔ اسی رات تقدیر بنتی ہے اور روح کہ جو ملائکہ میں سب سے عظیم ہے وہ اسی رات پروردگار کے حکم سے فرشتوں کے ہمراہ زمین پر نازل ہوتا ہے۔

یہ ملائکہ امام العصر (عج) کی خدمت میں حاضر ہوتے اور ہر کسی کے مقدر میں جو کچھ بھی ہوتا ہے اس کی تفصیل حضرت۴ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔

اعمال مشترکہ اور اعمال مخصوصہ۔

اعمال مشترکہ شب ہای قدر : اعمال مشترکہ وہ ہیں جو تینوں شب قدر میں بجا لائے جاتے ہیں

اعمال مشترکہ میں چند امور ہیں:

1 غسل کرنا

علامہ مجلسی کا فرمان ہے کہ غروب آفتاب کے نزدیک غسل کیا جائے اور نماز مغرب اسی غسل کے ساتھ ادا کی جائے۔

2 دورکعت نماز بجا لائے

جس کی ہررکعت میں سورہ الحمد کے بعد سات مرتبہ سورہ توحید پڑھے،

3 بعد از نماز ستر مرتبہ کہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

خدا سے بخشش چاہتا اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

حضرت رسول اللہ سے مروی ہے کہ ابھی وہ شخص اپنی جگہ سے اٹھا بھی نہ ہو گا کہ حق تعالی اس کے اور اس کے ماں باپ کے گناہ معاف کردے گا۔

4 قرآن کریم کو کھول کر اپنے سامنے رکھے اور کہے:

اَللّٰھُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ بِکِتابِکَ الْمُنْزَلِ

اے معبود! بے شک سوال کرتا ہوںتیری نازل کردہ کتاب کے واسطے سے

وَمَا فِیہِ وَفِیہِ اسْمُکَ الْاَکْبَرُ

اور جو کچھ اس میں ہے اس کے واسطے اور اس میں تیرا بزرگتر نام ہے

وَأَسْماؤُکَ الْحُسْنیٰ وَمَا یُخافُ وَیُرْجیٰ

اور تیرے دیگر اچھے اچھے نام بھی ہیں اور وہ جو خوف و امید دلاتا ہے

أَنْ تَجْعَلَنِی مِنْ عُتَقائِکَ مِنَ النّارِ۔

سوالی ہوں کہ مجھے ان میں قرار دے جن کو تونے آگ سے آزاد کر دیا

5. اس کے بعد جو حاجت چاہے طلب کرے

6. قرآن پاک کو اپنے سرپر رکھے اور کہے:

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ہٰذَا الْقُرْآنِ

اے معبود!اس قرآن کے واسطے

وَبِحَقِّ مَنْ أَرْسَلْتَہُ بِہِ

اور اسکے واسطے جسے تونے اسکے ساتھ بھیجا

وَبِحَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مَدَحْتَهُ فِيهِ

اوران مومنین کے واسطے جن کی تونے اس میں مدح کی ہے

وَبِحَقِّکَ عَلَيْهِمْ

اور ان پر تیرے حق کا واسطہ

فَلاَ أَحَدَ أَعْرَفُ بِحَقِّکَ مِنْکَ

پس کوئی نہیں جانتا تیرے حق کو تجھ سے بڑھ کر اے اللہ تیرا واسطہ،

7. بعد میں دس مرتبہ کہے

بِکَ يَا اللّهُ

اے اللہ تیرا واسطہ،

8. اور دس دس مرتبہ کہے

بِمُحَمَّدٍ،

محمد(ص) کا واسطہ،

بِعَلِيٍّ،

علیؑ کا واسطہ،

بِفاطِمَةَ،

فاطمہؑ کا واسطہ،

بِالْحَسَنِ،

حسنؑ کا واسطہ،

بِالْحُسَيْنِ،

حسینؑ کا واسطہ،

بِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ،

علی بن الحسینؑ کا واسطہ،

بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ،

محمد بن علیؑ کا واسطہ،

بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ،

جعفرؑبن محمدؑ کا واسطہ،

بِمُوسَىٰ بْنِ جَعْفَرٍ،

موسیٰؑ بن جعفرؑ کا واسطہ،

بِعَلِيِّ بْنِ مُوسى،

علیؑ بن موسیٰؑ کا واسطہ،

بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ،

محمد بن علیؑ کا واسطہ،

بِعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ،

علیؑ بن محمدؑ کا واسطہ،

بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ،

حسن بن علیؑ کا واسطہ،

بِالْحُجَّۃِ.

حجت القائمؑ کا واسطہ،

!! پھر اپنی حاجات طلب کرے

9. امام حسینؑ کی زیارت پڑھے:

روایت ہے کہ شب قدر میں ساتویں آسمان پر عرش کے نزدیک ایک منادی ندا دیتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ہر اس شخص کے گناہ معاف کر دئیے جو زیارت امام حسینؑ کے لیے آیا ہے۔

10. شب بیداری کرے یعنی ان راتوں میں جاگتا رہے:

روایت ہے کہ جو شخص شب قدر میں جاگتا رہے تو اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ اگرچہ وہ آسمانوں کے ستاروں، پہاڑوں کی جسامت اور دریائوں کے پانی جتنے ہوں۔

11. سو رکعت نماز بجا لائے جسکی بہت زیادہ فضیلت ہے

اس کی ہررکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید کا پڑھنا افضل ہے۔

12. شب قدر کی راتوں میں یہ دعا پڑھے :

شیخ کفعمی سے روایت ہے کہ امام زین العابدینؑ اس دعا کو تینوں شب قدر میں قیام وقعود اور رکوع سجود کی حالت میں پڑھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّی أَمْسَیْتُ لَکَ عَبْداً داخِراً

اے معبود: بے شک میں نے شام کی اس حال میں کہ تیرا آستاں بوس بندہ ہوں

لاَ أَمْلِکُ لِنَفْسِی نَفْعاً وَلا ضَرّاً

نہ اپنے نفع کا مالک ہوں اورنہ نقصان کا

وَلا أَصْرِفُ عَنْہا سُوئً،

اور نہ برائی کو اس سے دور کر سکتا ہوں

أَشْہَدُ بِذٰلِکَ عَلَی نَفْسِی،

میں اپنے نفس پر خود ہی گواہ ہوں

وَأَعْتَرِفُ لَکَ بِضَعْفِ قُوَّتِی،

اور تیرے سامنے اعتراف کرتاہوں اپنی کمزوری بے چارگی

وَقِلَّۃِ حِیلَتِی،

اور بے بسی کا

فَصَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

پس محمد(ص) وآل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما

وَأَنْجِزْ لِی مَا وَعَدْتَنِی

اور اپنا وہ مغفرت کا وعدہ پورا فرما جو اس رات میں میرے لیے

وَجَمِیعَ الْمُؤْمِنِینَ وَالْمُؤْمِناتِ

اور تمام مومنین ومومنات کے لیے

مِنَ الْمَغْفِرَۃِ فِی ہٰذِہِ اللَّیْلَۃِ

جو تو نے عمومی طور پر کر رکھا ہے

وَأَتْمِمْ عَلَيَّ مَا آتَيْتَنِي

اور مجھ پر اپنی عطائ ورحمت پوری فرما دے

فَإِنِّي عَبْدُكَ الْمِسكِينُ الْمُسْتَكِينُ

کہ بیشک میں تیرا بندہ ہوں، بے کس، نا چار،

الضَّعِيفُ الْفَقِيرُ الْمَهِينُ ۔

بے طاقت، محتاج اور پست ترین

اَللّٰھُمَّ لاَ تَجْعَلْنِی ناسِیاً لِذِکْرِکَ فِیما أَوْلَیْتَنِی

اے معبود! مجھے ایسا نہ بنا کہ تیری عطائوں کے ذکر کو بھول جاؤں

وَلا غافِلاً لِإِحْسانِکَ فِیما أَعْطَیْتَنِی،

تیرے احسانات سے غفلت کروں

وَلاَ آیِساً مِنْ إجابَتِکَ

اور تیری طرف سے قبولِ دعا سے مایوس ہو جاؤں

وَ إنْ أَبْطَأَتْ عَنِّی فِی سَرَّائَ أَوْ ضَرَّائَ

اگرچہ میں غفلت شعار ہوں خوشی میں وغم میں

أَوْ شِدَّةٍ أَوْ رَخاءٍ أَوْ عافِیَةٍ

یا سختی وآسودگی میں یا آسانی میں

أَوْ بَلاءٍ أَوْ بُؤْسٍ أَوْ نَعْمائَ

و تنگی میں یا محرومی و نعمت میں

إنَّکَ سَمِیعُ الدُّعاءِ

بے شک تو دعا کا سننے والا ہے۔

! ! ! اپنی بخشش کی دعا کرے،

علامہ مجلسی(رح) فرماتے ہیں کہ ان راتوں کا بہترین عمل یہ ہے کہ اپنی بخشش کی دعا کرے، اپنے والدین، اقربائ اور زندہ و مردہ مومنین کی دنیا و آخرت کے لیے دعا مانگے۔

13. محمد و آل محمد پر صلوات

شب قدر کی تینوں راتوں میں محمد و آل محمد پر صلوات پڑھے:

14. دعائے جوشن کبیر پڑھے:

بعض روایات میں ہے کہ شب قدر کی تینوں راتوں میں دعائے جوشن کبیر پڑھے:

! ! !خدا سے صحت وعافیت مانگے:

ایک اور روایت میں آیا ہے کہ کسی نے رسول اللہ سے سوال کیا کہ اگر مجھے شب قدر کا موقعہ ملے تو میں خدا سے کیا مانگوں؟ آپ نے فرمایا: کہ خدا سے صحت وعافیت مانگو۔

انیسویں شب کی رات : اعمال مخصوص

یہ شب قدر کی راتوں میں سے پہلی رات ہے،

اعمال مخصوص : وہ اعمال جو ہر ایک شب قدر کے ساتھ مخصوص ہیں

انیسویں رمضان کی رات کے چند ایک اعمال ہیں:

1. سومرتبہ کہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جو میرا رب ہے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

2. سو مرتبہ کہے:

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ اَمِیرِ الْمُؤمِنِیْنَ

اے معبود: لعنت فرما امیرالمومنینؑ کے قاتلین پر

3. مشہور دعا: یَا ذَا الّذِی کانَ قَبْلَ کُلِّ شَیْئٍ، ... پڑھے:

کتاب مقنعہ میں شیخ مفید (رح) نے ثقہ جلیل علی بن مہزیار سے روایت کی ہے کہ امام محمد تقی ؑنے فرمایا کہ ماہ رمضان کے دنوں اور راتوں میں اس دعا کو زیادہ سے زیادہ پڑھے :

یَا ذَا الَّذِی کانَ قَبْلَ کُلِّ شَیْئٍ،

اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا

ثُمَّ خَلَقَ کُلَّ شَیْئٍ،

پھر ہر ایک چیز کو پیدا کیا

ثُمَّ یَبْقی وَیَفْنی کُلُّ شَیْئٍ

تو وہ جو باقی رہے گا اور ہر چیز فنا ہو جائے گی

یَا ذَا الَّذِی لَیْسَ کَمِثْلِہِ شَیْئٌ،

اے وہ جس کی مانند کوئی چیز نہیں

وَیَا ذَا الَّذِی لَیْسَ فِی السَّمٰوَاتِ الْعُلی،

اور اے وہ جو نہ بلند آسمانوں میں ہے

وَلاَ فِی الْاَرَضِینَ السُّفْلی،

اور نہ پست ترین زمینوں میں ہے

وَلاَ فَوْقَھُنَّ وَلاَ تَحْتَھُنَّ وَلاَ بَیْنَھُنَّ

اور نہ انکے اوپر اور نہ انکے نیچے ہے اور نہ درمیان میں ہے

إلہٌ یُعْبَدُ غَیْرُھُ،

وہ معبود جس کے سوا کوئی معبود نہیں

لَکَ الْحَمْدُ حَمْداً لاَ یَقْوی عَلَی إحْصائِہِ إلاَّ أَنْتَ،

تیرے لئے حمد ہے وہ حمد کہ کوئی اسے شمار نہ کر سکے سوائے تیرے

فَصَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

پس حضرت محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما

صَلاۃً لاَ یَقْوی عَلَی إحْصائِہا إلاَّ أَنْتَ ۔

وہ رحمت کہ کوئی اسے شمار نہ کر سکے سوائے تیرے ۔

4. یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیما تَقْضِی وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُومِ

اے معبود! جن امور کا تو فیصلہ کرتا ہے حتمی فیصلوں میں سے اور ان کو مقرر فرماتا ہے

وَفِیما تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ الْحَکِیمِ

اور جن پر حکمت امور میں امتیازات دیتا ہے اور ایسی قضائ وقدر معین کرتا ہے

جو انیسویں رمضان کی شب میں بجا لائے جاتے ہیں

فِی لَیْلَۃِ الْقَدْرِ وَفِی الْقَضاءِ

لیلۃ القدر میں فیصلہ کرتا ہے حتمی فیصلوں میں سے

الَّذِی لاَ یُرَدُّ وَلاَ یُبَدَّلُ

جس کو رد یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا

أَنْ تَکْتُبَنِی مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِکَ الْحَرامِ

اس میں تو مجھے اس سال کے حجاج میں قرار دے

الْمَبْرُورِ حَجُّھُمُ،

کہ جن کا حج مقبول،

الْمَشْکُورِ سَعْیُھُمُ،

جن کی سعی پسندیدہ،

الْمَغْفُورِ ذُنُوبُھُمُ

جن کے گناہ معاف

الْمُکَفَّرِ عَنْھُمْ سَیِّئاتُھُمْ

جن کی برائیاں مٹا دی گئی ہیں

وَاجْعَلْ فِیما تَقْضِی وَتُقَدِّرُ أَنْ تُطِیلَ عُمْرِی،

اور جن کا تو نے فیصلہ کیا اس میں میری عمر کو دراز

وَتُوَسِّعَ عَلَیَّ فِی رِزْقِی،

اور میرے رزق کو وسیع قرار دے ۔

وَتَفْعَلَ بِی کَذا وَکَذا ۔

کذاو کذا کی بجائے اپنی حاجات کا نام لے

¤ - ¤ - ¤ - ¤ - ¤

سحری کے چند اعمال بجا لائے

دعا بہا : اللّٰھُمَّ إنّي أَسْأَلُكَ مِنْ بَهَائِكَ بِأَبْهَاهُ ... پڑھے

دعا ابو حمزہ ثمالی : إِلٰهِي لاَ تُؤَدِّبْنِي بِعُقُوبَتِكَ ... پڑھے

دعا سحر : یَا عُدَّتِی فِی کُرْبَتِی ... پڑھے

دعا سحر : یَا مَفْزَعِی عِنْدَ کُرْبَتِی ... پڑھے

تسبیح سحر : سُبْحَانَ مَنْ یَعْلَمُ جَوَارِحَ ٱلْقُلُوبِ ... پڑھے

دعا ادریس۴ : سُبْحانَكَ لا إِلَهَ إلاّ أَنتَ ... پڑھے

سورہ '' انا انزلناہ '' ... پڑھے

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِہِ أَجْمَعِینَ۔

اور محمدؐ اور انکی تمام آلؑ محمدؐ پر اللہ رحمت فرمائے۔

and (please do) bless Muhammad and the Household of Muhammad (all of them)